نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت پنجاب کا تاریخی اقدام

وزیراعلیٰ پنجاب کا صوبہ میں پیاز اور ٹماٹر کی کاشت و پیداوار میں اضافہ کیلئے 3ارب روپے کی لاگت کا خصوصی پیکج

لاہور، 17 نومبر 2024: وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر زرعی شعبے میں خودکفالت اور کسانوں کی آمدنی میں بہتری کے لیے "پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے (PRIAT) " کے منصوبے کے تحت پیاز اور ٹماٹر کی کاشت اور پیداوار کو فروغ دینے کے لیے 3ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جس کا مقصد کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی، تربیت اور وسائل کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔اس ضمن میں 125 ایکڑ تک کے پیاز اور ٹماٹر کے کاشتکاروں کو یکجا کر کے "فارمر انٹر پرائز گروپس" بنائے جائیں گے۔فارمر گروپس کو بہتر منافع کیلئے اچھے خریدار، برآمدکنندگان، پراسیسرز اور انٹرنیشنل مارکیٹ سے منسلک کیا جائے گا۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ اس منصوبہ کا مقصد پیاز اور ٹماٹر جیسی اہم فصلوں کی کاشت اور پیداوار کو بڑھانا ہے جو کہ غذائی ضروریات کو پورا کرنے اور کسانوں کی معاشی حالت میں بہتری کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اس منصوبہ کے تحت اٹھائے جانے والے اقدامات کے تحت کسانوں کو جدید مشینری اور زرعی آلات سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس منصوبہ کے تحت پہلے مرحلہ میں پیاز اور ٹماٹر کے کاشتکاروں کو اسپریئرز، پرونرز، پلانٹرز، گریڈرز، ڈرائیرز، پلپنگ یونٹس اور پروسیسرز جیسے جدید زرعی آلات 70 فیصد سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔ پیاز کی کاشت کے لیے منتخب علاقے لودھراں، ملتان اور وہاڑی ہیں جبکہ ٹماٹر کی کاشت کے لیے خوشاب، ساہیوال اور مظفرگڑھ کے اضلاع منتخب کئے گئے ہیں تاکہ کسان اپنی مخصوص علاقائی ضروریات کے مطابق جدید سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔اس منصوبہ سے مستفید ہونے کیلئے متعلقہ علاقوں کے کاشتکار شعبہ اصلاح آبپاشی کے ضلعی دفاتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ مزید رہنمائی اور معلومات کی فراہمی کے لیے کاشتکار بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک ہیلپ لائن کے نمبر 0800-17000 پر کال کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆